سبق - ۱۳

# بیمار بچّے

صُبح کا وقت ہے۔ سرد ہوا چل رہی ہے۔ بچّے بیمار ہے۔ گرم شال اوڑھے ہوئے ہے، شال کا رنگ سبز ہے۔ بچّے کا جسم بُخار سے تپ رہا ہے۔ اس کی آنکھیں سُرخ ہیں۔ پورے جسم میں درد ہے۔

ماں اُسے چمچے سے دوا پلاتی ہے۔ بچّے کہتا ہے، ''امّی! آج میں اسکول کیسے جاؤں گا؟'' ماں بچّے کو سمجھاتی ہے، ''بیٹا! اسکول کی فکر مت کرو۔ پہلے تم جلد اَچھے ہو جاؤ۔''

* آیئے، سیکھیں:

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| صُبح | وَقت | سَرد | دَرد | گَرم | اسکول |
| جِسم | سبز | سُرخ | فِکر | جَلد | چمچے |

## مشق

* ان لفظوں پر جہاں ضروری ہو جزم کا نشان لگایئے۔

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| ذکر | عمر | فرق | نظم | فرض | قرض | سخت |
| بستہ | رحمت | رحم | دشمن | شرم | نسل | فخر |

96QLB6

* خالی جگہ میں مناسب لفظ لکھیے:

(۱) بچّے ...................... ہے۔

(۲) بچّے کا جسم ............ سے تپ رہا ہے۔

(۳) آنکھیں ................ ہیں۔

(۴) ماں بچّے کو چمچے سے ............. پلاتی ہے۔

**اساتذہ کے لیے:**

☜ اس سبق میں **جزم** کا استعمال کیا گیا ہے۔ طلبہ کو بتایا جائے کہ جس حرف پر ◌ْ کا نشان ہوتا ہے، وہ حرف اپنے سے قبل کے حرف سے مل کر آواز دیتا ہے۔

* اِکتالیس سے پچاس تک گنتی:

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ۴۱ | ۴۲ | ۴۳ | ۴۴ | ۴۵ | ۴۶ | ۴۷ | ۴۸ | ۴۹ | ۵۰ |
| اِکتالیس | بیالیس | تینتالیس | چوالیس | پینتالیس | چھیالیس | سینتالیس | اَڑتالیس | اُنچاس | پچاس |